AHMADIYYA
MUSLIM JAMA'AT
Belgium

www.islamahmadiyya.be
info@islamahmadiyya.be
@AhmadiyyaBE

خلاصہ خطبہ جمعہ 11 اگست 2023ء بیان فرمودہ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

تشہد، تعوذ، تسمیہ اور سورۃ فاتحہ کی تلاوت کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا۔

اللہ تعالیٰ آنحضرت ﷺ کے عاشق صادق حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کی جماعت پر اپنے فضلوں کی بارش فرما رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے لوگوں کے دلوں کھولتا ہے، کس طرح اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے لوگوں کے ایمان بڑھاتا ہے اور کس طرح اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے دشمنوں کو ناکام کر رہا ہے۔ کس طرح اللہ تعالیٰ نے جماعت کی تبلیغ کے مختلف ذرائع کھولے ہیں اور نئی جماعتیں قائم ہو رہی ہیں۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے اس سلسلہ میں بعض ایمان فروز واقعات بیان کرتے ہوئے فرمایا۔

Guinea Basao سے لکھتے ہیں کہ ایک لوکل غیر احمدی امام صاحب نے جلسہ سالانہ یوکے کی کاروائی دیکھی اور جب جھوٹے اعتراضات جیسے کہ احمدی قرآن وحدیث کو نہیں مانتے وغیرہ کا جواب مل گیا۔ کہتے ہیں کہ حضور کی تو ساری تقاریر میں قرآن اور حدیث سے ہی باتیں تھیں۔ حقیقت کھل جانے کے بعد امام صاحب نے بیعت کر لی۔

حضور انور نے فرمایا کہ مخالفوں کو بلا سوچے سمجھے مخالفت نہیں کرنی چاہئے، پہلے احمدیت کا مطالعہ کریں اور پھر اعتراض ہوں تو وہ بیان کریں۔ اس طریق کی طرف حضرت مسیح موعود نے بھی دعوت دی تھی۔

Burundi میں بھی جماعت کی بہت مخالفت ہے۔ غیر احمدی مسلمانوں کی طرف سے جماعت کی مسجد بند کروانے کی کوشش کی گئی۔ وہاں احمدیوں اور غیر احمدیوں میں حیات مسیح پر مناظرہ ہوا جب وہ احمدیوں کے دلائل کا جواب نہیں دے پائے تو شور مچانا شروع کر دیا۔ ایک عیسائی جو وہاں موجود تھا کہنے لگا کہ جوبات احمدی پیش کرتے ہیں اس کی سمجھ آتی ہے۔ اس کے بعد انہی مولویوں میں آپس میں جھگڑا ہو گیا اور گورنمنٹ نے انہی کی مسجد کو 3 ماہ کیلئے بند کر دیا۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا کے توہین قرآن کے واقعات یورپ وغیرہ میں ہوتے رہتے ہیں۔ لیکن جب قرآن کی صحیح تعلیم ان کو معلوم ہوتی ہے تو انہیں پسند آتی ہے اور آج صرف جماعت احمدیہ ہی ہے جو قرآن کی صحیح تعلیمات پیش کر رہی ہے۔

ایک جرمن خاتون، ہماری ایک قرآن کی نمائش پر تشریف لائیں۔ مختلف مضامین پر مبنی پوسٹرز کو غور سے پڑھنے کے بعد کہتیں کہ آپ نے تو اسلام کو بہت آسان کر دیا ہے اور اب اسلام کی مخالفت کی کوئی وجہ نہیں۔

آخر میں حضور انور ایدہ اللہ نے 3 نماز جنازہ غائب کا اعلان فرمایا۔

خطبہ ثانیہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ نَحْمَدُہٗ وَنَسْتَعِیْنُہٗ وَنَسْتَغْفِرُہٗ وَنُؤْمِنُ بِہٖ وَنَتَوَکَّلُ عَلَیْہِ وَنَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ شُرُوْرِ اَنْفُسِنَا وَمِنْ سَیِّاٰتِ اَعْمَالِنَا مَن یَّھْدِہِ اللہُ فَلاَ مُضِلَّ لَہٗ وَمَنْ یُّضْلِلْہُ فَلاَ ھَادِیَ لَہٗ ۞وَاَشْھَدُ أَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلاَّ اللہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ ۞ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہ۞عِبَادَاللہِ رَحِمَکُمُ اللہُ۞اِنَّ اللہَ یَأْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ وَاِیْتَآءِ ذِی الْقُرْبٰی وَیَنْھٰی عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْکَرِ وَالْبَغْیِ یَعِظُکُمْ لَعَلَّکُمْ تَذَکَّرُوْنَ ۞ اُذْکُرُوا اللہَ یَذْکُرْکُمْ وَادْعُوْہُ یَسْتَجِبْ لَکُمْ وَلَذِکْرُ اللہِ اَکْبَرُ ۞

Bait-us-Salam: Brusselstraat 445, 1700 Sint-Ulriks-Kapelle
Tel: 0032 (2) 466 68 56 Fax: 0032 (2) 466 43 89